# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبۂ اُردو)

## وارننگ

**عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ**

**1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔**

**2- کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری'' Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔**

کورس: اردو داستان اور ناول: فکری و فنی مباحث (9011)　　　سمسٹر: خزاں 2026ء

سطح: بی ایس اُردو

### (ہدایت نامہ برائے طلبہ)

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔
3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔
4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/ تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہوگا۔
6۔ آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7۔ غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

## امتحانی مشق نمبر 1
### (یونٹ 1 تا 4)

کل نمبر 100　　　کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1. فورٹ ولیم کالج کے قیام کے اسباب پر روشنی ڈالیں نیز اردو کے حوالے سے یہاں ہونے والے کاموں کا مختصر تعارف پیش کریں۔ 20

سوال نمبر 2. اردو ناول کے ارتقا پر جامع مضمون تحریر کریں۔ 20

سوال نمبر 3. 'باغ و بہار' کے کرداروں کا تنقیدی مطالعہ پیش کریں۔ 20

سوال نمبر 4. 'فسانۂ عجائب' دراصل 'باغ و بہار' کے جواب میں تحریر کی گئی۔ دونوں کے اسلوب کا تقابلی مطالعہ پیش کریں۔ 20

سوال نمبر 5. 'باغ و بہار' اور 'فسانۂ عجائب' میں موجود تہذیبی عناصر کی نشان دہی کریں۔ 20

# امتحانی مشق نمبر2

## (یونٹ 5 تا 9)

کل نمبر100 کامیابی کے نمبر:50

| | | |
|---|---|---|
| سوال نمبر 1. | ڈپٹی نذیر احمد کے ناولوں کے موضوعات کا مختصر تعارف پیش کریں۔ | 20 |
| سوال نمبر 2. | 'فردوسِ بریں' کا فنی اور اسلوبی جائزہ پیش کریں۔ | 20 |
| سوال نمبر 3. | 'فسانۂ آزاد' داستان اور ناول کے بیچ کی کڑی ہے۔ وضاحت کریں۔ | 20 |
| سوال نمبر 4. | 'امراؤ جان ادا' میں زوال آمادہ تہذیب کی پیش کش ہے۔ وضاحت کریں۔ | 20 |
| سوال نمبر 5. | 'میدانِ عمل' کے موضوعات کا تفصیل سے جائزہ پیش کریں۔ | 20 |